# 6362 - چیک کےذریعہ قرض کی ادائيگي لیکن ابھی تک قرضہ دینے والے نے چیک کیش نہیں کروایا

**سوال**

میں نے ایک کمپنی سے کچھ مال خریدا اورانہیں چیک دیا ، اس معاملہ کوبہت مدت ہوچکی ہے لیکن کمپنی نے ابھی تک چیک کیش نہیں کروایا بلکہ اب توچیک بھی کارآمد نہیں رہا اس کی مدت صلاحیت ختم ہوچکی ہے ، توکیا میں ابھی تک ان کا مقروض ہوں یاکہ یہ ان کی غلطی ہے کہ انہوں نے ابھی تک چیک کیش نہیں کروایا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمدبن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا توانہوں نے جواب دیا :

جی ہاں آپ ابھی تک ان کےمقروض ہیں کیونکہ ابھی تک چیک کیش نہیں کروایا گیا اوروہ رقم بینک میں آپ کے کھاتے میں ہی ہے لھذا آپ ان کے مقروض ہی ہیں ، کیونکہ چیک توایک قسم کا بینکوں پرحوالہ ہے (جس میں یہ ہے کہ اتنی رقم چیک والے کودی جائے ) .